شرعی نیمہ شب کا حساب لگانا - 11 /Jan/ 2021

سوال: مغرب و عشاء کی نماز کے لئے شرعی نیمہ شب کا حساب کس طرح لگایا جائے گا؟

جواب: مغرب و عشاء کی نماز کے لئے شرعی نیمہ شب، غروب آفتاب سے فجر صادق کے مابین فاصلے کا نصف (آدھا) ہے۔
فجر صادق، فجر کاذب کے مقابلے میں ہے۔ فجر کاذب وہ روشنی ہے جو چوڑائی میں آسمان پر نمودار ہوتی ہے اور افق پر پھیلنے کی بجائے عمودی صورت میں اوپر کی جانب اٹھنے لگتی ہے۔ فجر صادق اس وقت ہے کہ جب افق سے ملی ہوئی سفید روشنی کم شدت کے ساتھ طلوع کرتے ہوئے افق پر پھیل جاتی ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ اس کی شدت میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ فجر صادق کے ضعیف ہونے کی وجہ سے اسے دیکھنے کے لئے ضروری ہے کہ مشرقی افق مکمل طور پر کھلا ہوا اور تاریک ہو۔